SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر V مجریہ ۱۹۷۳
SINDH ORDINANCE NO.V OF 1973
مغربی پاکستان ایمپلائیز سوشل سکیورٹی (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۳
THE WEST PAKISTAN EMPLOYEES' SOCIAL SECURITY (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1973
فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۶۵ کے مغربی پاکستان آرڈیننس X کی دفعہ ۵ کی ترمیم
Amendment of Section 5 of West Pakistan Ordinance X of 1965

سندھ آرڈیننس نمبر V مجریہ ۱۹۷۳
SINDH ORDINANCE NO.V OF 1973

مغربی پاکستان ایمپلائیز سوشل سکیورٹی (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۳

THE WEST PAKISTAN EMPLOYEES' SOCIAL SECURITY (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1973

[۱۵ مارچ ۱۹۷۳]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان ایمپلائیز سوشل سکیورٹی آرڈیننس، ۱۹۶۵ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان ایمپلائیز سوشل سکیورٹی آرڈیننس، ۱۹۶۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۳۵ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، اور صدر کی پیشگی ہدایات ملنے کے بعدسندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو مغربی پاکستان ایمپلائیز سوشل سکیورٹی (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۳ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۶۵ کے مغربی پاکستان آرڈیننس X کی دفعہ ۵ کی ترمیم

Amendment of Section 5 of West Pakistan Ordinance X of 1965

۲۔سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان ایمپلائیز سوشل سکیورٹی آرڈیننس، ۱۹۶۵ کی دفعہ ۵ کی ذیلی دفعہ (۱) میں:

(i)شق (a) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا، یعنی:

"(a) کوئی شخص جو صوبہ کا وزیر ہے یا جو ہائی کورٹ کا جج ہے یا رہا ہے یا پاکستان کی ملازمت میں ایک سینئر آفیسر جو ڈویزن کے کمشنر کے عہدے سے کم نہ ہو یا سینٹرل گورنمنٹ کے جوائنٹ سیکریٹری یا حکومت کے سیکریٹری سے کم نہ ہو، اور ایسا شخص گورننگ باڈی کا چیئرمین ہوگا؛"؛ اور

(ii)شق (e) کے لیئے مندرجہ ذیل شقیں متبادل ہوں گی، یعنی:

"(e) کمشنر؛

(f)میڈیکل ایڈوائیزر، ایکس آفیشو۔"۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔